© rasailojaraid.com

(۲) یونین بکڈپو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

یہ چند نظموں رباعیات اور قطعات کا مجموعہ ہے جن کا موضوع حمد و نعت۔ درود وسلام، منقبت شہادت کبریٰ کا بیان اور تاریخ اسلام کے بعض واقعات ہیں۔ اشعار پراثر اور ولولہ انگیز ہیں جن سے لائق مصنف کی گہری عقیدت و ارادت کا اظہار ہوتا ہے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کر کے ثواب دارین حاصل کریں گے۔

ترجمان القرآن پارۂ اول ضخامت ۴۴ صفحات
ترجمان القرآن پارۂ عم ضخامت ۱۷۶ صفحات
از جناب عبدالحق عباسی صاحب تقطیع خورد کلاں بہتر قیمت علی الترتیب ۸ عمر

پتہ :۔ المکتبۃ العلمیہ ۱۵ لیک روڈ لاہور۔

قرآن مجید کے اردو ترجمے کثرت سے شائع ہو چکے ہیں مگر اس کتاب کے فاضل مصنف نے جدت یہ کی ہے کہ ہر آیت کا ترجمہ پہلے ہر ہر لفظ کے لئے الگ الگ خانہ بنا کر اس طرح کیا ہے جس سے یہ معلوم ہو کہ کون سا لفظ قرآن مجید کے کس لفظ کا ترجمہ ہے اس کے بعد عام سہولت کے لئے دوسری سطر میں بامحاورہ اردو ترجمہ بھی کر دیا گیا ہے اگرچہ ہمارے نزدیک اس جدت سے بھی خاطر خواہ فائدہ اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ ترجمہ پڑھنے والا تھوڑی بہت عربی سے واقف نہ ہو۔ تاہم اس ترجمہ کا یہ فائدہ ضرور ہے کہ یہ ترجمہ بھی ہے اور لغت القرآن بھی! اور اس حیثیت سے اس کا افادہ ان تراجم سے زیادہ ہے جو محض ترجمہ ہیں۔

(۱) **بچوں کا حساب** قیمت ۵ر
(۲) **آسان ریاضی** حصہ اول قیمت ۶ر
(۳) **آسان ریاضی** حصہ دوم قیمت ۱۰ر
از جناب شوکت علی صاحب بی۔ اے ایل۔ ٹی۔ پتہ :۔ مکتبۂ جماعت اسلامی ہند رام پور (یوپی)

رام پور کی جماعت اسلامی نے مسلمان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بچوں کے لئے ایک مفید تعلیم گاہ قائم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے لئے مختلف مضامین پر نصاب کی کتابیں لکھنے کا جو پروگرام بنایا ہے یہ تینوں رسالے اسی سلسلہ کی کڑی ہیں۔ ان میں بالکل شروع سے لے کر کسری پہاڑوں تک جماعت دوم کے واسطے ریاضی کے اسباق لکھے گئے ہیں اور آخر میں اقلیدس پر ایک باب ہے جس میں اس فن کی چند ابتدائی باتیں بیان کی گئی ہیں لائق مؤلف کا طریق تفہیم اور سوالات کا انداز بچوں اور خاص طور پر مسلمان بچوں کی نفسیات کے مطابق ہے اس بنا پر امید ہے کہ مسلمان بچوں کو عام طور پر ریاضی سے جو وحشت ہوتی ہے وہ ان کتابوں کے پڑھنے سے نہیں ہوگی ہم نے خود اپنے بچوں پر بعض اسباق کا تجربہ کیا ہے اور ان کو مفید پایا۔ اسلامی مکاتب و مدارس کو یہ رسالے اپنے نصاب میں شامل کرنے چاہئیں۔

العلم والعلماء

یہ جلیل القدر امام حدیث علامہ ابن عبد البر کی شہرۂ آفاق کتاب "جامع بیان العلم وفضلہ" کا نہایت صاف اور شگفتہ ترجمہ ہے مترجم کتاب مولانا عبد الرزاق صاحب ملیح آبادی اس دور کے بے مثال ادیب اور مترجم سمجھے جاتے ہیں موصوف نے یہ ترجمہ حضرت مولانا ابو الکلام آزاد کے ارشاد کی تعمیل میں کیا تھا جو اب ندوۃ المصنفین سے شائع کیا گیا ہے۔ علم اور فضیلت علم کے بیان اہل علم کی عظمت اور ان کی ذمہ داریوں کی تفصیل پر خالص محدثانہ نقطۂ نظر سے آج تک کوئی کتاب اس مرتبہ کی شائع نہیں ہوئی اس متبرک کتاب کی ایک ایک سطر سونے کے پانی سے لکھنے کے لائق ہے ایک زبردست محدث کی کتاب اور ملیح آبادی صاحب کا ترجمہ موعظتوں اور نصیحتوں کے اس عظیم الشان دفتر کو ایک دفعہ ضرور پڑھئے۔ صفحات ۳۰۰ بڑی تقطیع۔

قیمت چار روپے آٹھ آنے۔ مجلد پانچ روپے آٹھ آنے

© rasailojaraid.com